## مسلم لیگ (ف) اور مسلم لیگ (ق) کے عہدیداران کی اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

لاڑکانہ۔۔۔10، نومبر 2007ء۔۔۔پاکستان مسلم لیگ (ف) ضلع لاڑکانہ کے ضلعی صدر، مسلم لیگ (ق) لاڑکانہ سٹی کے سینئر نائب صدر اور کئی عہدیداران نے اپنے 500 سے زائد ساتھیوں سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز مٹھانی ہاؤس لاڑکانہ میں ایم کیوایم کے سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی، حق پرست صوبائی مشیر نصرت عزیز اور حق پرست معاون خصوصی مرتضیٰ میمن کی موجودگی میں منعقدہ پرہجوم پریس کانفرنس میں کیا۔ ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں مسلم لیگ (ف) ضلع لاڑکانہ کے ضلعی صدر انجینئر جاوید علی مٹھانی، نائب صدر سید مہتاب شاہ، پاکستان مسلم لیگ (ق) سٹی لاڑکانہ کے سینئر نائب صدر امداد علی شیخ، نائب صدر عبدالمجید کھرل، پاکستان مسلم لیگ (ق) یوتھ ونگ سٹی لاڑکانہ کے نائب صدر سرتاج اللہ شیخ، مسلم لیگ (ف) سٹی لاڑکانہ کے نائب صدر سکندر علی شیخ، ڈرامہ پروڈیوسر منظار علی جوکھیو، تحصیل کونسلر لاڑکانہ آپا شبیرہ جوکھیو، میر النساء سومرو، کونسلر یوسی 6 نعیم اللہ دایو، کونسلر یوسی 3 اویس احمد دایو، پاکستان مسلم لیگ (ق) تحصیل لاڑکانہ کے سابق جنرل سیکریٹری منیر احمد حاجانو اور دیگر شامل ہیں۔ ان سیاسی کارکنوں نے پریس کانفرنس میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی واحد جماعت ہے جو محروم عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت کے دور میں سندھ کے دیہی اور شہری علاقوں میں سازش کے تحت پیدا کی گئی دوریوں کا نہ صرف خاتمہ ہوا ہے بلکہ ترقیاتی وتعمیراتی کاموں سے تمام قومیتوں اور برادریوں کے لوگوں کو براہِ راست فائدہ پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پر عمل پیرا ہوکر ہی ملک بھر کے 98، فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے حقوق کا حصول میسر ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے فروغ کیلئے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے تاکہ ملک میں قائم جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے پاکستان مسلم لیگ (ف) اور (ق) کے عہدیداران سمیت دیگر افراد کا زبردست خیر مقدم کیا اور ان کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کو حق پرستی کی تحریک کیلئے نیک شگون قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ استحصالی عناصر کی تمام تر سازشوں اور رکاوٹوں کے باوجود قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ آج ملک بھر کے تمام غریب ومظلوم عوام کے دلوں میں گھر کررہا ہے اور وہ وقت ضرور آئے گا جب ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہوگا اور ملک پر غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی ہوگی۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر بلدیہ ٹاؤن کے سیکٹر انچارج امتیاز احمد شیخ، کارکنان رانا مسعود ،عبدالقیوم اور ریاض کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم کی بنیادی رکنیت سے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔10، نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کی بناء پر ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن کے سیکٹر انچارج امتیاز احمد شیخ ولد ایوب احمد شیخ سمیت یونٹ 112-A کے کارکنان رانا مسعود ولد رانا امجد علی، عبدالقیوم ولد محمد علی اور یونٹ 112-B کے کارکن ریاض ولد محمد تحسین کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم کی بنیادی رکنیت سے معطل کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## ٹنڈوالہیار کے حق پرست کونسلر اور ایم کیوایم کورنگی اور لانڈھی سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ٹنڈوالہیار کے یوسی III کے حق پرست کونسلر بشیر احمد کی والدہ محترمہ شہر بانو، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر شعبہ خواتین یونٹ 75 کی کارکن محترمہ رابعہ کے والد ناظم علی اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن عنایت اللہ کے صاحبزادے سیف الرحمٰن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کی جانب سے جامعہ کراچی کو 3 نئے پوائنٹس دینے پر اے پی ایم ایس او جامعہ کراچی یونٹ کا اظہار تشکر

کراچی۔۔۔10، نومبر 2007ء۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جامعہ کراچی یونٹ نے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی جانب سے جامعہ کراچی کیلئے تین نئے

پوائنٹس دینے پر دلی تشکر کا اظہار کیا ہے اور اسے جامعہ کراچی کے طلبہ وطالبات کیلئے حق پرست قیادت کا تحفہ قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال نے علم دوستی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جامعہ کراچی کو تین نئے پوائنٹس دے کر طلبہ وطالبات کا دیرینہ مطالبہ پورا کیا ہے جس پر جامعہ کراچی کے تمام طلبہ وطالبات سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال اور حق پرست قیادت کے بے حد مشکور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ کراچی میں طلبہ وطالبات کی کثیر تعداد کو پوائنٹس کی کمی اور پرانے پوائنٹس کی مخدوش حالت کے باعث شدید مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا تھا، سٹی ناظم نے طلبہ کی مشکلات کو محسوس کرتے ہوئے پوائنٹس دیکرانکی مشکلات کو عملی طور پر کم کرنے کی کوشش کی ہے۔ جامعہ کراچی یونٹ کے اراکین نے سٹی گورنمنٹ کے حق پرست ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال کی جانب سے شہر میں جاری ترقیاتی وتعمیراتی کاموں کو بھی سراہا اور کہا کہ حق پرست قیادت شہر کے ساتھ ساتھ تعلیمی اداروں کی زبوں حالی پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے جس سے طلبہ وطالبات کئی پریشانیوں سے مستقل طور پر نجات پاسکیں گے۔

## ایم کیوایم آئندہ عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ ایک قومی جماعت کی حیثیت سے پورے ملک سے الیکشن لڑے گی، انور عالم

## خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی، کراچی مضافاتی کمیٹی اور اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین سے خطاب

کراچی۔۔۔10، نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا ہے کہ آئندہ عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ ایک قومی جماعت کی حیثیت سے پورے ملک سے الیکشن لڑے گی اور ملک کی تعمیر وترقی کیلئے عوام دوست پالیسیوں کا تسلسل جاری رکھے گی۔ یہ بات انہوں نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی، ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی اور ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انور عالم نے کہا کہ ملک میں جمہوری عمل کے تسلسل اور انتخابات میں عوام کی شمولیت کیلئے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہئے اور ایسے اقدامات سے گریز کرنا چاہئے جس سے جمہوری کے عمل کے تسلسل کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست نمائندوں نے موجودہ حکومت میں رہتے ہوئے جس طرح سے عوام کی خدمت کو اپنا شعار بنایا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے پر عمل پیرا ہوکر اپنے آپ کو عوامی خدمت کیلئے وقف رکھا اس نے متحدہ قومی موومنٹ کی عوام سے محبت کو ظاہر کردیا ہے اور تمام مخالفین کے منہ بند کردیئے ہیں۔ انور عالم نے شعبہ جات کے ذمہ داران پر زور دیا کہ وہ اپنے اپنے پلیٹ فارم سے تحریکی کام کے فروغ کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرتے رہیں اور آئندہ عام انتخابات کیلئے اپنی تمام تیاریاں مکمل رکھیں۔

## جنگ کے سینئر اسٹاف رپورٹر شاہد جتوئی کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ جنگ کراچی کے سینئر اسٹاف رپورٹر شاہد جتوئی کے والد محمد بخش جتوئی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے شاہد جتوئی سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆